22/02/2026

09.25/AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی آج من کی بات ریڈیو پروگرام کے ذریعے ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

یہ پروگرام آج دن کے 11بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔

اسکے فوراً بعد پروگرام کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ قوم نے اگلے مہینے کی 31 تاریخ تک ملک کو نکسلواد سے پاک کرانے کا عہد کیا ہے ۔ گوہاٹی میں سی آر پی ایف کے 87 ویں یوم تاسیس پریڈ کے دوران انہوں نے کہا کہ سی آر پی ایف قوم کے تئیں اپنی بے مثال خدمات پیش کر رہی ہے ۔

انہوں نے کہا کہ سی آر پی ایف نے شمال مشرقی خطے ، جموں کشمیر اور ماوواد سے متاثرہ علاقوں میں امن بحال کرنے میں کلیدی رول ادا کیا ۔ وزیر داخلہ نے قوم کے لئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے سی آر پی ایف اہلکاروں کو خراج عقیدت ادا کیا ۔

-------AMIT SHAH------

ملاقات

کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے جموں میںلیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ جس دوران انہوں نے یونیورسٹی کے آئندہ کانووکیشن کی تیاریوں پرمنوج سنہا کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

ادھرIndian Oil کارپوریشن لمٹیڈکے چیرمین AS Sahney نے بھی لیفٹیننٹ گورنرکے ساتھ ملاقات کی۔

سکینہ ایتو

طبی تعلیم کے اہم شعبوں کو بڑھاوا دینے کی ایک اہم پیش رفت کے تحت پر نیشنل میڈیکل کمیشن نے جموں و کشمیر میں گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں اور سرینگر کے علاوہ سکمز صورہ میں 24 نئی سپر اسپیشلٹی پوسٹ گریجویٹ نشستوں کو منظوری دی ہے۔

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس سے ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ جموں و کشمیر میں طبی نگہداشت کے بنیادی ڈھانچے اور طبی تعلیم کے مواقعے کو بڑھانے کے لیے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

کھیلو انڈیا

کھیل انڈیا وِنٹر گیمز2026کل سے مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں شروع ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں وہاں تمام تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مِنگا شیر پا نے گلمرگ میں مختلف مقامات کا دورہ کر کے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کے چھٹے ایڈیشن کے سلسلے میں انتظامات کا برسر موقع جائزہ لیا۔ انہوننے تمام متعلقہ محکموں اور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت دی۔

ادھر سکمز صورہ میں ایک فرضی دوڑ کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد گلمر گ وِنٹر گیمز کے پیش نظر ایمر جنسی کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا۔ اس مشق کا مقصد کھیل کی جگہ پر کھلاڑیوں کےلئے پیدا ہونے والی ممکنہ ایمر جنسی صورتحال سے بر وقت نمٹنا ہے۔

ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی اور ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مِنگا شیر پا نے خاص طور پر سکمز کے ہیلی پیڈ اور مختلف ضروری یونٹوں کو تیاری کی حالت میں رکھنے کے امور کا جائزہ لیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر 9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

SMC

کمشنر میونسپل کارپوریشن سرینگر فضل الحسیب نے تجارتی مراکز والے علاقوں میں شہری سہولیات کو مضبوط بنانے کےلئے کارپوریشن کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

وہ سرینگر کے لالچوک علاقے میں SMC Vending Zone کے بنیادی ڈھانچے اور تاجر برادری کی جانب سے اُٹھائے گئے مختلف مسائل کا جائزہ لے رہے تھے۔ اس موقعے پر دکانداروں نے کمشنر کو ان کے کاروبار میں حائل رُکاوٹوں کو دور کرنے کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کی تمام شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1 اعشاریہ7ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....